09/05/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں طارق احمد گنائی

وزیر اعلیٰ کابینہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں کل سرینگر میں کابینہ کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں کئی اہم انتظامی منصوبوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں حکمرانی کے عمل کو مستحکم کرنے نیز شمولیاتی اور دیر پا ترقی کو دوام بخشنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ کے بالائی علاقوں میں ایک نجی ہیلی کاپٹر میں تکنیکی خرابی پیدا ہونے کی وجہ سے پھنسے سیاحوں کو محفوظ طریقے پر نکالنے کے لئے فوج اور سول انتظامیہ کی مشترکہ کاوشوں کی ستائش کی ہے ۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ سیاحوں کے لئے تمام سیفٹی پروٹوکالز کو مستحکم کرنے کے لئے لازمی اقدامات کریں ۔

(DRUGS)

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں مختلف اضلاع مینپد
یاتراو

ں کا انعقاد کیا جا رہا ہے جن میں لوگوں کو ڈرگس کے مضر اثرات سے روشناس کیا جا رہا ہے ۔
۔ ایل جی نے اسی سلسلے کے تحت حال ہی میں سرینگر اور بڈگام میں پد

یاترا و

ں میں شرکت کی اور آج اسی طرح کی ایک اور پد یاترا کا انعقاد اننت ناگ میں کیا جا رہا ہے ۔ ئ
واضح رہے کہ لیفٹنٹ گورنر نے 11 اپریل کو جموں سے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کا آغاز کیا ۔ جب سے لے کر آج تک ڈرگ سمگلروں اور اس بدعت میں ملوث دیگر لوگوں کے خلاف کاروائی سرعت سے جاری ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG-----

پولیس

NDPS معاملات کے تحت نشیلی اشیاءکاشت کرنے دریں اثناءپولیس نے اننت ناگ ضلعے میں دو کی پاداش میں دو خواتین کو گرفتار کیا ہے ۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں منشیات سے متاثرین کی باز آبادکاری کے لئے ایک طویل مدتی منصوبہ مرتب کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ سرینگر میں کل متعلقہ انتظامی سیکریٹریوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران منشیات میں ملوث افراد کے لئے باز آبادکاری اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موثر باز آبادکاری منصوبہ تیار کرنے کے وقت تمام متعلقہ محکموں کو اعتماد میں لیا جانا چاہئے ۔

حادثہ تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حاجن علاقے میں تین نوجوانوں کے غرقِ آب ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے الگ الگ پیغامات میں سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ۔

دریں اثناءپی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے بھی اس حادثے پر رنج والم کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ کنبوں کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے ۔

ایل جی ملاقات

نِر بھیا بھارت فاونڈیشن اور غیر سرکاری تنظیم سرحد کا ایک مشترکہ وفد ترُن اُپل کی قیادت میں کل لوک بھون سرینگر میں ایل جی منوج سنہا سے ملاقی ہوا ۔

سکمز

Theranostics in Nuclear Medicine: شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں کا آغاز ہوا۔ اس میڈیکل ایجوکیشن پروگرام کے CME کے موضوع پر 2 روزہ A way forward میڈسن کی اہمیت اُجاگرکیا جا Nuclear دوران ماہرین مختلف امراض کے تشخیص اور علاج میں رہا ہے۔

میڈسن شعبے کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر تنویر احمد راتھر Nuclear اس بارے میں سکمز کے نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

-----Byte----

ریل

اوراب ریل سروس سے متعلق یہ خبر

----Music----

سیاحوں کے بڑھتے رش کے پیش نظر ریلوے ڈویژن جموں نے سرینگر ریلوے سٹیشن پر قائم کئے ہیں ۔ ریلوے ڈویژن جموں Tourist Welcome and Facilitation Centres خصوصی کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچت سنگھل نے کہا ہے کہ ان مراکز کے ذریعے سے ریل سے سفر کرنے والے سیاحوں کا والہانہ خیر مقدم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں لازمی جانکاری بھی فراہم کی جائے گی ۔

----Music----

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ22 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ